This question paper contains 3 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : 5651

Unique Paper Code : 214451 E

Name of the Paper : Urdu Discipline

Name of the Course : B.A. (Prog.)

Semester : IV

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوال حل کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے :

(الف)

میں ان دونوں خیالوں کو وسعت دے رہا تھا اور بے فکری کے تکیے سے لگا بیٹھا تھا کہ نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھتا ہوں کہ سلطان الافلاک کے دربار سے ایک اشتہار جاری ہوا ہے۔ خلاصہ جس کا یہ ہے کہ ''تمام اہلِ عالم اپنے اپنے رنج و الم اور مصائب و تکالیف کو لائیں ار ایک جگہ ڈھیر لگائیں۔'' چنانچہ اس مطلب کیلئے ایک میدان کہ میدانِ خیال سے بھی زیادہ وسیع تھا، تجویز ہوا اور لوگ آنے شروع ہوئے۔ میں بیچوں بیچ کھڑا تھا اور ان کے تماشے کا لطف اٹھا رہا تھا۔ دیکھتا

تھا کہ ایک کے بعد ایک آتا ہے اور اپنا بوجھ اپنے سر سے پھینک جاتا ہے۔ لیکن جو بوجھ گرتا ہے مقدار میں اور بھی بڑا ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ مصیبتوں کا پہاڑ بادلوں سے بھی اونچا ہو گیا۔

(ب)

دنیا جائے آزمائش ہے۔ سفیہہ جانتے ہیں یہ مقام قابلِ آرام و آسائش ہے۔ دو روزہ زیست کی خاطر کیا کیا ساز و ساماں پیدا کرتے ہیں۔ فرعون باساماں ہو کر زمین پر پاؤں نہیں دھرتے ہیں۔ جب سر کو اٹھا، آنکھ بند کر کے چلتے ہیں، خاکساروں کے سر کچلتے ہیں۔ آخر کار حسرت وار، ماں فقط لے کر مرتے ہیں۔ جان اس کی جستجو میں کھوتے ہیں۔ جو شے ہاتھ آ جائے ذلت سے، جمع ہو پریشانی و مشقت سے، پاس رہے خست سے، چھوٹ جائے یاس و حسرت سے۔ پھر سر پر ہاتھ دھر کر روتے ہیں۔ صبح کو کوئی نام نہیں لیتا ہے، جو کسی اور نے لیا تو گالیاں دیتا ہے۔

۲۔ مرزا غالب کی خطوط نگاری کے محاسن پر روشنی ڈالیے۔

۳۔ رجب علی بیگ سرور نے ''بندر کی تقریر'' میں جو نصیحتیں کی ہیں خلاصہ لکھتے ہوئے سمجھایئے۔

۴۔ محمد حسین آزاد نے ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' میں کس بات پر روشنی ڈالی ہے؟ بحث کیجئے۔

۵۔ میر امن کی باغ و بہار پر تنقیدی تبصرہ کیجئے۔

۶۔ رجب علی بیگ سرور کی داستان نگاری پر مفصل نوٹ تحریر کیجئے۔

۷۔ ''محمد حسین آزاد نے 'نیرنگ خیال' میں تمثیل نگاری سے کام لیا ہے۔'' اس قول کی وضاحت کیجئے۔

۸۔ ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کا خلاصہ لکھئے۔